[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

| | | |
|---|---|---|
| **Sr. No. of Question Paper** | **:** | **2652** **L** |
| Unique Paper Code | : | 2142202402 |
| Name of the Paper | : | Classical Prose DSC 8 |
| Name of the Course | : | **B.A. (P)** |
| Semester | : | VI |

Duration : 3 Hours — Maximum Marks : 90

**<u>Instructions for Candidates</u>**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

**نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔**

ا۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے:

(الف)

''ایک روز ایسے کف دست میدان میں جا نکلے کہ جہاں بستی کا نام نہ تھا اور آدمی کی صورت نظر نہ آتی تھی اس پر بھی پادشاہ زادی کی رفاقت کے سبب سے دن عید اور رات شب برات معلوم ہوتی تھی جاتے جاتے انچت ایک دریا کہ جس کے دیکھنے سے کلیجا پانی ہو، راہ میں ملا کنارے پر کھڑے ہو کر جو دیکھا، تو جہاں تلک نگاہ نے کام کیا پانی ہی تھا کچھ تھل بیڑا نہ پایا۔ یاالٰہی اب اس سمندر سے کیوں کر پار اتریں، ایک دم اسی سوچ میں کھڑے رہے آخر یہ دل میں لہر آئی کہ ملکہ کو یہیں بٹھا کر میں تلاش میں ناو نواڑے کی جاؤں جب تلک اسباب گزارے کا ہاتھ آوے تب تلک وہ نازنین بھی آرام پاوے۔ تب میں نے کہا اے ملکہ اگر حکم ہو تو گھاٹ باٹ اس دریا کا دیکھوں۔''

(ب)

''تب کنور اودے بھان نے مسوس کے ملولا کھا کے کہا اتنی رکھائیاں نہ دیجیے۔ میں سارے دن کا تھکا ہوا ایک پیڑ کی چھاؤں میں اوس کا بچاؤ کر کے پڑ رہوں گا۔ بڑے تڑکے دھندلکے میں اٹھ کر جدھر کو منہ پڑے گا چلا جاؤں گا۔ کچھ کسی کا لیتا دیتا نہیں ایک ہرنی کے پیچھے سب لوگوں کو چھوڑ کر گھوڑا پھینکا تھا جب تلک اجیالا رہا اسی کے دھیان میں تھا۔ جب اندھیرا چھا گیا جی بہت گھبرا گیا ان امریوں کا آسرا ڈھونڈ کر یہاں چلا آیا ہوں کچھ روک ٹوک تو نہ تھی جو ماتھا ٹھنک جاتا اور رک رہتا سر اٹھائے ہانپتا چلا آیا، کیا جانتا تھا جو یہاں پدمنیاں پڑی جھولتی پینگیں چڑھا رہی ہیں۔ پر یوں بدی تھی برسوں میں بھی جھولا کروں گا۔''

P.T.O.

۲۔ اردو میں کلاسیکی نثر کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

۳۔ اردو نثر کی ادبی تاریخ پر روشنی ڈالیے۔

۴۔ داستان 'باغ و بہار' کی اسلوبیاتی خصوصیات بیان کیجیے۔

۵۔ میر امن کی نثر نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

۶۔ انشااللہ خاں انشا کی نثر نگاری پر اظہارِ خیال کیجیے۔

۷۔ غالب کی نثر کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

۸۔ 'اردو نثر میں غالب کا مقام' اس عنوان سے ایک مضمون تحریر کیجیے۔